# India Russia consultations on UNSC issues

December 02, 2020

---

## بھارت اور روس کے مابین اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل سے متعلق امور پر مشاورت

02 دسمبر، 2020

بھارتی وزارت خارجہ کے سکریٹری (مغرب) جناب وکاسسوپ نے 2 دسمبر 2020 کو ماسکو میں روسی وزارت خارجہ کے عہدیداروں کے ساتھ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے متعلق امور پر مشاورت کے لئے ہندوستانی وفد کی قیادت کی۔ ہندوستانی وفد میں وزارت خارجہ اور ماسکو میں ہندوستان کے سفارتخانے کے دیگر عہدیداران بھی شامل تھے۔

2- روسی وفد کی سربراہی روسی فیڈریشن کے نائب وزیر برائے امور خارجہ جناب سیرگی واسیلیوچ ورشینین نے کی اور اس میں روسی وزارت خارجہ کے دیگر عہدیداران بھی شامل تھے۔

3- روسی فریق نے 2021-22 کی مدت کے لئے یو این ایس سی میں غیر مستقل رکنیت سنبھالنے پر ہندوستان کا خیرمقدم کیا۔ دونوں فریقین نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے اور حالیہ پیشرفت سے متعلق امور پر وسیع تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے کثیر الجہتی پلیٹ فارمز پر دہشت گردی کے انسداد کے لئے تعاون کو گہرا کرنے پر اتفاق کیا۔ ہندوستانی وفد نے روس کو اپنے آئندہ یو این ایس سی کے دور میں اپنی ترجیحات کے بارے میں آگاہ کیا، اور انھوں نے درپیش مشترکہ چیلنجوں اور اپنے دیرینہ خصوصی اور اسٹریٹجک شراکت کو مدنظر رکھتے ہوئے مل کر کام کرنے کا فیصلہ کیا۔

**ماسکو**

**02 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.